Australian Government
AUSTRAC

# معلومات

## AUSTRAC کے ساتھ رجسٹر کرنا – پیسے بھیجنے کی خدمات فراہم کرنے والے کاروبار

***اگر آپ ایسا کاروبار چلاتے ہیں جو گاہکوں کو کسی دوسرے مقام پر موجود کسی شخص کو پیسے بھیجنے میں مدد دیتا ہے، جیسے سمندر پار اپنے گھر والوں یا دوستوں کو پیسے بھیجنے میں، تو آپ غالبا" پیسے بھیجنے کی خدمات فراہم کر رہے ہیں جنہیں ریمٹینس (remittance) سروس یعنی ترسیل زر کی خدمات بھی کہا جاتا ہے۔***

## کن لوگوں کے لیے رجسٹر کرنا ضروری ہے؟

ترسیل زر کی خدمات مہیا کرنے والے کاروباروں کے لیے **AUSTRAC کے ساتھ رجسٹر کرنا لازمی ہے** جو آسٹریلین حکومت کا ادارہ ہے۔ AUSTRAC آسٹریلیا کے مالیاتی نظام کو مجرموں کے ہاتھوں غلط استعمال سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتا ہے اور ہمارے معاشرے کو دہشت گردی سمیت ہماری قومی سلامتی کے لیے خطرات سے محفوظ رکھنے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

خود کو رجسٹر کیے بغیر ترسیل زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کے لیے سخت سزائیں ہیں جن میں سزائے قید بھی ممکن ہے۔

چاہے آپ اپنے کاروبار کے تحت صرف کبھی کبھار یہ خدمات فراہم کرتے ہوں، پھر بھی آپ کے لیے رجسٹر کرنا ضروری ہے۔

اگر آپکو یقینی علم نہیں کہ آیا آپ کے لیے رجسٹر کرنا ضروری ہے تو آپ austrac.gov.au/start پر جا کر معلوم کر سکتے ہیں۔

بینکوں اور کریڈٹ یونینز جیسے مالیاتی اداروں کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## آپ کے لیے رجسٹر کرنا کیوں ضروری ہے؟

مجرم ترسیل زر کی خدمات فراہم کرنے والوں کو نشانہ بنا سکتے ہیں تاکہ وہ ناجائز پیسے کو مالیاتی نظام کے ذریعے چھپا کر منتقل کر سکیں اور یہ جائز دکھائی دے۔ ناجائز پیسہ اکثر سنگین جرائم سے کمایا جاتا ہے جیسے انسانوں کو غیر قانونی طور پر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا اور جبری مزدوری، بچوں کا استحصال، غیرقانونی اسلحے کی فروخت، منشیات کی نقل و حمل، ٹیکس چوری، ای میل اور فون پر دھوکے بازی اور دوسری قسموں کے فراڈ۔

غیر رجسٹرشدہ ترسیل زر کا کاروبار کرنے والوں کے لیے مجرموں کی جانب سے استحصال کا زیادہ خطرہ ہے کیونکہ انکے پاس خطرات سے نبٹنے کا مضبوط انتظام اور رپورٹنگ کے نظام نہیں ہوتے۔ ان کے لیے یہ خطرہ بھی زیادہ ہوتا ہے کہ دہشت گردوں کو پیسہ بھیجنے کے لیے انہیں استعمال کیا جائے۔

رجسٹر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ AUSTRAC آپکو ایسی معلومات دے سکتا ہے جن سے آپکو اپنے قانونی فرائض پورے کرنے میں مدد ملے۔ یہ معلومات آپ کو یہ خطرہ بڑی حد تک کم کرنے میں مدد دیں گی کہ مجرم اور دہشت گرد آپکے کاروبار کا استحصال کریں۔ رجسٹر کرنے سے AUSTRAC کو ان غیر رجسٹرشدہ کاروباروں پر توجہ رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے جو غلط کام کر رہے ہیں۔ آپ اپنے کاروبار اور ترسیل زر کے شعبے کی ساکھ قائم رکھنے اور بینکوں کی جانب سے ترسیل زر کی خدمات فراہم کرنے والے کاروباروں سے کاروباری تعلق منقطع کرنے کا خطرہ کم کرنے میں بھی مدد کر رہے ہوتے ہیں۔

## آپ کو آگے کیا کرنا چاہیئے

اگر آپ خود کو رجسٹر کیے بغیر ترسیل زر کی خدمات فراہم کر رہے ہیں تو ابھی رک جائیں اور رجسٹر کرنے کے لیے AUSTRAC سے رابطہ کریں۔

**اہم**
رجسٹر کرنے کے لیے AUSTRAC سے خود رابطہ کر لینا بہتر ہے بجائے اسکے کہ AUSTRAC کو پتہ چلے کہ آپ غیر رجسٹرشدہ ترسیل زر کی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔

جب آپ ترسیل زر کی خدمات فراہم کرنے والے کے طور پر AUSTRAC کے ساتھ رجسٹر ہو جائیں تو آپ AUSTRAC کے Remittance Sector Register (شعبۂ ترسیل زر کے رجسٹر) میں درج ہو جائیں گے۔

آپ Remittance Sector Register (شعبۂ ترسیل زر کے رجسٹر) - austrac.gov.au/remittanceregister - میں تلاش کر کے بھی دیکھ سکتے ہیں کہ کون رجسٹرڈ ہے۔

## کیسے رجسٹر کیا جائے؟

رجسٹرڈ ترسیل زر کی خدمات فراہم کرنے والا بننے کے لیے آپکو ایک درخواست فارم مکمل کرنا ہو گا جسے *AUSTRAC Business Profile Form (AUSTRAC کاروبار کی بنیادی تفصیلات کا فارم)* کہا جاتا ہے اور جو www.austrac.gov.au/registernow پر دستیاب ہے۔ پھر ہم ان معلومات پر غور کر کے طے کرتے ہیں کہ آیا آپ AUSTRAC میں درج اور رجسٹر ہو سکتے ہیں۔

ہماری ویب سائیٹ پر *AUSTRAC Business Profile Form (ABPF) Explanatory Guide*، *(AUSTRAC کاروبار کی بنیادی تفصیلات کا فارم، وضاحتی رہنمائی)* آپکو انگلش میں مرحلہ وار ہدایات فراہم کرتی ہے کہ یہ فارم کیسے بھرا جائے۔

آپ ترسیل زر کی خدمات صرف اسکے بعد ہی فراہم کرنا شروع کر سکتے ہیں جب AUSTRAC آپکا اندراج اور رجسٹریشن منظور کر لے اور جب آپ کالے دھن کو سفید کرنے کے خلاف اور دہشت گردی کے لیے مالی وسائل کی فراہمی کے خلاف (anti-money laundering and counter-terrorism financing, AML/CT) پروگرام عمل میں لا چکے ہوں۔

## رجسٹر کرنے کے بعد ضروری ہے کہ آپ

1. AUSTRAC کو بعض رقوم کی منتقلیوں اور مشتبہ معاملات کی رپورٹ کریں
2. یہ واضح کرنے والا منصوبہ تشکیل دیں کہ آپکا ترسیل زر کا کاروبار اپنے تعمیل کے فرائض کیسے پورے کرے گا جس میں کالے دھن کو سفید کرنے اور دہشت گردی کے لیے مالی وسائل فراہم کرنے کے حوالے سے خطرات کی شناخت کرنا، خطرات کم کرنا اور ان سے نبٹنا بھی شامل ہے
3. ریکارڈ رکھنا اور AUSTRAC کواس بارے میں تعمیل کی رپورٹ دینا کہ آپ اپنے تعمیل کے فرائض کیسے پورے کر رہے ہیں
4. اپنے ترسیل زر کے کاروبار میں اہم تبدیلیوں سے AUSTRAC کو آگاہ کرنا

اس بارے میں مزید معلومات کے لیے کہ آپ پر کیا کرنا لازم ہے، دیکھیں austrac.gov.au/obligations

**اہم**

آپ مشتبہ غیر رجسٹرشدہ ترسیل زر کا کاروبار کرنے والوں کے بارے میں AUSTRAC کو رپورٹ کر کے معاشرے کو محفوظ رکھنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اپنا نام خفیہ رکھتے ہوئے رپورٹ دینے کے لیے austrac.gov.au/report دیکھیں۔

غیر رجسٹرشدہ ترسیل زر کی خدمات فراہم کرنے والے افراد اور کاروباروں پر سات سال قید یا $420,000 تک کے جرمانے کی سزاء یا دونوں سزائیں واجب ہو سکتی ہیں۔

## مزید معلومات

AUSTRAC کے ساتھ رجسٹر کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے آپ

- www.austrac.gov.au/registernow پر جا کر انگلش میں مزید تفصیلی معلومات پڑھ سکتے ہیں
- 1300 021 037 پر فون کر سکتے ہیں (آسٹریلیا کے اندر لوکل کال کی قیمت پر)
- contact@austrac.gov.au کو ای میل کر سکتے ہیں۔

اگر آپکو انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو آپ TIS نیشنل کو 131 450 پر فون کر کے کہیں: ''AUSTRAC on 1300 021 037'